ADAMJEE LIFE ASSURANCE COMPANY LIMITED

آدمجی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ

Fund Asset Allocation Endorsement
Attached to the Basic Policy

بنیادی پالیسی سے منسلک فنڈ ایسٹ ایلوکیشن کی توثیق

Notwithstanding anything to the contrary stated in the Policy Provisions, the following shall be deemed to be part of the Policy under "FUND PRACTICE" and is applicable to the fund selected.

پالیسی دفعات میں بیان کردہ اس کے برعکس کسی بھی چیز کے باوجود، مندرجہ ذیل کو "فنڈ پریکٹس" کے تحت پالیسی کا حصہ سمجھا جائے گا اور یہ منتخب کردہ فنڈ پر اس کا اطلاق ہوگا۔

The Policyholder may select any one fund to invest in. The unit price of each fund will be based on the Net Asset Value of that fund:

بیمہ دار سرمایہ کاری کے لیے کسی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ہر فنڈ کی یونٹ کی قیمت اس کے فنڈ کے نیٹ ایسٹ ویلیو پر مبنی ہوگی:

- Investment Secure Fund – Income Fund
- Investment Secure Fund (II) – Income Fund
- Investment Multiplier Fund – Aggressive Fund
- Amaanat Fund – Balanced Fund
- Managed Growth Fund – Balanced Fund

- انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ۔انکم فنڈ
- انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ(II) ۔ انکم فنڈ
- انویسٹمنٹ ملٹیپلائی فنڈ۔جارحانہ فنڈ
- امانت فنڈ۔متوازن فنڈ
- مینیجڈ گروتھ فنڈ۔متوازن فنڈ

Each Fund is managed to achieve a specific investment objective. It is monitored accordingly and shall maintain assets separate from any other Fund.

ہر فنڈ سرمایہ کاری کے ایک خاص مقصد کو حاصل کرنے کے لئے منظم کیا جاتا ہے، اس کے مطابق نگرانی کی جاتی ہے اور کسی دوسرے فنڈ سے الگ اثاثوں کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

The asset allocation for the funds under this arrangement shall be:

اس انتظام کے تحت فنڈ کے لیے ابتدائی ایسٹ ایلوکیشن یہ ہیں۔

Investment Secure Fund – Income Fund

Low risk fund with at least 25% of fund value in Government Securities or deposits with commercial banks/DFIs, up to 100% in collective investment schemes (fixed income funds) and up to 30% in commercial papers.

انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ ۔ انکم فنڈ

یہ کم رسک فنڈ ہے جس کے تحت فنڈ ویلیو کا کم سے کم 25 فیصد گورنمنٹ سیکیورٹیز یا کمرشل بینکوں/DFIs میں سرمایہ کاری، اجتماعی سرمایہ کاری کی اسکیموں (فکسڈ انکم فنڈز) میں 100 فیصد تک اور کمرشل پیپرز میں 30 فیصد تک سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

Investment Secure Fund (II) – Income Fund

Moderate risk fund with at least 25% of fund value in Government Securities or deposits with commercial banks/DFIs, up to 100% in collective investment schemes (fixed income funds), up to 30% in commercial papers and up to 40% in TFCs.

انویسٹمنٹ سیکیور فنڈ(II) - انکم فنڈ

یہ درمیانی رسک والا فنڈ ہے جس کے تحت سرکاری سیکیورٹیز میں فنڈ ویلیو کا کم از کم 25 فیصد یا کمرشل بینکوں/DFIs میں، اجتماعی سرمایہ کاری کی اسکیموں میں 100 فیصد تک (فکسڈ انکم فنڈز)، کمرشل پیپرز میں 30 فیصد تک اور TFCs میں 40 فیصد تک سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

Investment Multiplier Fund – Aggressive Fund

High risk fund with up to 60% of fund value in equities directly or indirectly through collective investment schemes, up to 100% in Government Securities, bank/term deposits and collective investment schemes (fixed income funds), up to 40% in TFCs, up to 30% in commercial papers and up to 10% in Real Estate.

انویسٹمنٹ ملٹیپلائی فنڈ-جارحانہ فنڈ

یہ زیادہ رسک والا فنڈ ہے جس کے تحت اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں کے ذریعے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر ایکوئٹی میں فنڈ ویلیو کے 60 فیصد تک گورنمنٹ سیکیورٹیز، بینک/ٹرم ڈپازٹس اور اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں (فکسڈ انکم فنڈز) میں 100 فیصد تک، TFCs میں 40 فیصد تک، کمرشل پیپرز میں 30 فیصد تک اور رئیل اسٹیٹ میں 10 فیصد تک سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

Amaanat Fund – Balanced Fund

Medium risk fund with up to 100% of fund value in Government Securities, Islamic bank/term deposits and collective investment schemes (fixed income funds), up to 30% in shariah compliant equities directly or indirectly through collective investment schemes, up to 40% in TFCs/Sukuks, up to 30% in commercial papers and up to 10% in real Estate.

امانت فنڈ-متوازن فنڈ

یہ درمیانی رسک والا فنڈ ہے جس کے تحت گورنمنٹ سیکیورٹیز، اسلامی بینک/ٹرم ڈپازٹس اور اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں (فکسڈ انکم فنڈز) میں فنڈ ویلیو کے 100 فیصد تک، اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں کے ذریعے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر شریعہ کے مطابق ایکویٹی میں 30 فیصد تک، TFCs/Sukuks میں 40 فیصد تک۔ کمرشل پیپرز میں 30 فیصد تک اور رئیل اسٹیٹ میں 10 فیصد تک سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

Managed Growth Fund – Balanced Fund

Medium risk fund with up to 100% of fund value in Government Securities, bank/term deposits and collective investment schemes (fixed income funds), up to 30% in equities directly or indirectly through collective investment schemes, up to 40% in TFCs/Sukuks, up to 30% in commercial papers and up to 10% in real Estate.

مینیجڈ گروتھ فنڈ-متوازن فنڈ

یہ درمیانی رسک والا فنڈ ہے جس کے تحت گورنمنٹ سیکیورٹیز، بینک/ٹرم ڈپازٹس اور اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں (فکسڈ انکم فنڈز) میں فنڈ ویلیو کے 100 فیصد تک، اجتماعی سرمایہ کاری اسکیموں کے ذریعے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر ایکویٹی میں 30 فیصد تک، 40 فیصد تک TFCs/Sukuks میں، کمرشل پیپرز میں 30 فیصد تک اور رئیل اسٹیٹ میں 10 فیصد تک سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

These are major categories of investment, however company may make investment in other minor categories as per the fund objective and regulatory limits.

سرمایہ کاری کیلئے کئی بڑی کیٹیگریز ہیں، تاہم کمپنی فنڈ کے مقصد اور ریگولیٹری حدود کے مطابق دیگر کیٹیگریز میں بھی سرمایہ کاری کر سکتی ہے۔